**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 14.01.2025**

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان میں دہشتگردی کسی صورت برداشت نہیں، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | کچھی آپریشن وطن دشمنوں کیلئے واضح پیغام، سمگلنگ اور غیر قانونی شکار کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | بلوچستان کی خوشحالی ملک کو خوشحال بنا سکتی ہے، وزیر زراعت | جنگ ودیگراخبارات |
| 04 | محکمہ مواصلات وتعمیرات کو جدید خطوط پر استوار کرنا اولین ترجیح ہے، سلیم کھوسہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | محکمہ ریونیو کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے، عاصم کرد گیلو | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | بلوچستان میں دفعہ 144 کوئٹہ کراچی قومی شاہراہوں کی بندش پر فوری کارروائی کا حکم | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے، بلال کاکڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | گندم کی خریداری کے حوالے سے کسانوں کو مشکلات کا سامنا ہے، سینیٹر عبدالقادر | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | لیویز ژوب کے مال خانے سے اسلحہ وگولہ بارود غیر قانونی طور پر جاری ہونے کا انکشاف | انتخاب ودیگراخبارات |
| 11 | قلات سے اغواء تعمیراتی کمپنی کے دو ملازمین تین ماہ بعد بازیاب | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | کچھی دہشتگردوں کیخلاف سیکورٹی فورسز کا آپریشن 27 ہلاک، آئی ایس پی آر | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں سست روی کسی صورت برداشت نہیں، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | تجارت کے فروغ کیلئے مشترکہ اقدامات کرنا ہوں گے، سفیر ترکمانستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | تربت غیر فعال ڈی سیلینیشن پلانٹ پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اظہار ناراضی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | حب میں خسرہ پھیلنے سے 300 بچے متاثر | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | کوئٹہ اور گوادر کے دورے پر لاپتہ افراد کے کیسز نے ہلا کر رکھ دیا، چیف جسٹس | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | کوئٹہ ڈیری فارم دودھ 175 روپے دکان پر قیمت 190 روپے مقرر | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

بلوچستان مختلف علاقوں میں فائرنگ بم دھماکہ دو افراد جاں بحق تعمیراتی کیمپ پر حملہ تین اغواء، کلی اسماعیل سے دو نوجوانوں کی گرفتاری کیخلاف لواحقین اور اہل علاقہ کا دھرنا، تربت کے علاقے جوسک میں دھماکہ ایک شخص جاں بحق، پسنی میں خاتون ٹیچر کو زیادتی کا نشانہ بنانے کی کوشش، ملزم گرفتار

## عوامی مسائل:

کوہلو آوارہ کتوں کی بہتات سگ گزیدگی میں اضافہ ، نانجھی پور تمام بنیادی سہولیات سے محروم پینے کا صاف پانی ناپید، اوستہ محمد نصف رائس ملز بند بیروزگاری میں اضافہ، مزدور پریشان

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 14.01.2025

**اداریہ:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں بڑی معاشی تبدیلی وفاقی سطح پر بڑے پیکجز کے بغیر ممکن نہیں**" کہ عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان کی تعمیر اور ترقی، عوام کی خوشحالی، فلاح و بہبود سمیت زندگی کی جدید سہولیات سے آراستہ کرنے کیلئے ہنگامی اقدامات کی اشد ضرورت ہے بلوچستان کو وفاقی حکومت کی جانب سے بڑے پیکجز دیئے جائیں تاکہ ترقی کی رفتار تیز ہو جس طرح سے پنجاب اور سندھ میں نئے منصوبوں کا آغاز کیا جا رہا ہے جن میں موٹر وے، ایکسپریس وے، نوجوانوں کو ہنر مند بنانے، تعلیم، صحت اور نوجوانوں کو آسان اقساط پر قرض کے ذریعے گاڑیوں کی فراہمی، اسکالرشپ، وظیفہ، لیپ ٹاپ کی فراہمی سمیت دیگر اہم منصوبے شامل ہیں۔ اسی طرح بلوچستان پر بھی وفاق خاص توجہ دے کیونکہ بلوچستان میں مسائل بہت زیادہ ہیں، پسماندگی اور محرومیوں کے خاتمے سے نوجوانوں میں شاندار مستقبل کی امید پیدا ہوگی جو بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے، کاروبار کے وسیع تر مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے معاشی روڈ میپ بھی ضروری ہے، صوبہ بھر میں بڑی شاہراہوں کا نیٹ ورک قائم ہونے سے مستقبل میں بلوچستان ترقی کی نئی راہ پر گامزن ہوگا، لوگ خوشحال ہوں گے، ان منصوبوں سے صوبے کے چھوٹے بڑے شہر ایک دوسرے سے جڑ جائیں گے۔

**اداریے:**

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**بلوچستان: سو ملین ڈالر کے پانچ سالہ منصوبے کی منظوری**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان کے سرکاری ہسپتالوں میں اوپی ڈیز کی بندش، غیر مناسب روش**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان کی خوشحالی پورے ملک کو خوشحال بنا سکتی ھے**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**پبلک اکائونٹس کمیٹی سرکاری وسائل کے ضیاع کو روکنے کیلئے اقدامات کریگی**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Tragic coal mine incidents" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Tragedies of Coal Mining" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان میں دہشتگردی کا خاتمہ، افواج پاکستان کے سنگ**" کے عنوان سے طارق خان ترین کا مضمون تحریر کی ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 14 JAN 2025 Page No. 3



وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی ملاقات کررہے ہیں



وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان میں تعینات جمہوری اسلامی ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم ملاقات کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No 1

Page No. 6


روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 33 | منگل، 13 رجب المرجب، 14 جنوری 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# پاک ایران تعلقات مزید مضبوط کرنا وقت کی ضرورت، وزیراعلیٰ

## بارڈر مسائل حل کرنے کی کوشش کریں گے، سرفراز بگٹی، پاکستانی طلباء کیلئے اسکالرشپس کے خواہاں، ایرانی سفیر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں جمہوری اسلامی ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی، تعلیمی اور ثقافتی تعلقات کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

بلوچستان نے ایرانی وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان صدیوں پرانے دیرینہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں دونوں ممالک ہمیشہ ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں برابر کے شریک رہے ہیں دونوں ممالک کے مابین تجارتی، ثقافتی اور سماجی تعلقات کو مزید مضبوط کرنا وقت کی ضرورت ہے ملاقات میں ایرانی سفیر نے تجارتی حجم میں اضافے، تعلیمی اسکالرشپس، اور ٹیکنیکل ایجوکیشن سمیت سماجی ترقی کے مختلف شعبوں میں تعاون کی پیشکش کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان اور ایران کے درمیان مختلف سطح پر وفود کے تبادلے اور تجارتی روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا، غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے اور تاجروں کو درپیش مسائل کا پائیدار حل تلاش کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے ملحقہ بارڈر کے مسائل کو مرکزی حکومت کے ساتھ مل کر حل کرنے کی کوشش کی جائے گی، تاکہ تجارت پیشہ افراد کو سہولیات فراہم کی جاسکیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریجن میں امن و امان کے قیام سے تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور اسمگلنگ کا خاتمہ ممکن ہوگا اس حوالے سے اسلام آباد میں ایک اجلاس بھی منعقد کیا جائے گا جس میں چیمبرز آف کامرس کے نمائندوں کو مدعو کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے ایرانی تاجروں کے لیے سہولتوں کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ کسی بھی قانونی تجارتی کنٹینر یا ٹرک کو بلوچستان میں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہیں ہوگا ایسی مشکلات کے بروقت ازالے کے لئے ایرانی قونصلیٹ اپنا رابطہ کار مقرر کرے جو تاجر پیشہ افراد کی معاونت کے لئے صوبائی حکومت کے متعلقہ حکام سے رابطے میں رہے ایرانی سفیر نے تعلیمی اسکالرشپس کی پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ ایران پاکستان کے طلبہ کے لیے مختلف پروگرام شروع کرنے کا خواہاں ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس پیشکش کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایرانی قونصلیٹ اور حکومت بلوچستان کے حکام مل کر اسکالرشپ پروگرام کے لیے لائحہ عمل تیار کریں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس پیشکش کے تحت کوئٹہ میں مقیم ہزارہ کمیونٹی کے لیے بھی خصوصی تعلیمی اسکالرشپ پروگرام بھی شروع کیا جائے

## مائن ورکرز کے تحفظ اور اہلخانہ کی مالی امداد کیلئے اقدامات کریں گے، وزیراعلیٰ کی اپوزیشن لیڈر کے پی سے ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کے روز خیبر پختونخوا اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر ڈاکٹر عباداللہ نے (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

ملاقات کی۔ ملاقات میں مائنز مزدوروں کے مسائل، حادثات میں جاں بحق ہونے والے مزدوروں کی مالی امداد اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مزدوروں کے مسائل کے حل کو اپنی حکومت کی ترجیحات میں شامل قرار دیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ مائنز کے شعبے میں مزدوروں کے تحفظ کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جاں بحق مزدوروں کے اہل خانہ کی مالی امداد کے حوالے سے فوری اقدامات کیے جائیں گے اور مائنز کے حادثات کی روک تھام کے لیے جدید حفاظتی تدابیر اپنائی جائیں گی اس ضمن میں ضروری ہدایات جاری کردی گئی ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مائنز کے شعبے سے وابستہ مزدور بلوچستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور ان کے مسائل کا حل حکومت کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کے مائنز کے قوانین کو مزید مضبوط بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ مائنز کے شعبے میں مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور حادثات کی روک تھام کے لیے بین الصوبائی تعاون کو فروغ دیا جائے گا ملاقات کے اختتام پر ڈاکٹر عباداللہ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں مزدوروں کے مسائل کے حل میں نمایاں پیش رفت ہوگی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Page No. 5

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

14 JAN 2025


# بلوچستان کی سرزمین پر دہشتگردی و تشدد برداشت نہیں کرینگے، سرفراز بگٹی

## کچھی میں دہشتگردوں کیخلاف کامیاب کارروائی امن دشمنوں کیلئے واضح اور دوٹوک پیغام ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## نایاب جنگلی حیات کے شکار کی اطلاعات باعث تشویش، فوری و موثر اقدامات کی ضرورت ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے ضلع کچھی میں سیکورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اس آپریشن کے دوران ستائیس دہشت گردوں کی ہلاکت کو ایک اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیاب کارروائی امن دشمنوں کے لیے ایک واضح پیغام ہے کہ بلوچستان کی سرزمین پر دہشت گردی اور تشدد کو کسی صورت (باقی صفحہ 5 نمبر25)

برداشت نہیں کیا جائے گا وزیراعلیٰ نے سیکورٹی فورسز کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف اس موثر کارروائی سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ فورسز اپنے عزم اور صلاحیتوں کے ساتھ بلوچستان میں امن کی بحالی کے لیے کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور ان کی مسلسل جدوجہد سے ہی بلوچستان میں دہشت گردی کا خاتمہ ممکن ہو رہا ہے وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ عوام کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رہیں گے اور سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں اس بات کی عکاس ہیں کہ حکومت اور فورسز مل کر بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے سرگرم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی ایک بڑی کامیابی ہے اور اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں ترقی مخالف عناصر اور امن کے دشمنوں کو ناکام بنا دیا جائے گا اور حکومت، فورسز اور عوام مل کر اس سرزمین کو امن کا گہوارہ بنائیں گے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی صدارت جنگلات اور جنگلی حیات کے تحفظ اور ان کے استحکام کے لیے محکمہ جنگلات کا جائزہ اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں جنگلات اور جنگلی حیات کے تحفظ کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں وزیراعلیٰ کو محکمہ جنگلات کے حکام کی جانب سے تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں غیر قانونی شکار اور نایاب جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کیا گیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بعض علاقوں میں نایاب جنگلی حیات کو بے دردی سے شکار کیے جانے کی اطلاعات ہیں جو نہایت تشویشناک ہیں غیر قانونی شکار کے باعث بعض نایاب جنگلی حیات معدومی کے خطرے سے دوچار ہیں جس کے سدباب کے لیے فوری اور موثر اقدامات کی ضرورت ہے انہوں نے ہدایت کی کہ کمیونٹی مانیٹرنگ کے لیے قبائلی عمائدین اور مقامی قبائل پر مشتمل کمیٹیاں تشکیل دی جائیں تاکہ غیر قانونی شکار کی روک تھام کو ممکن بنایا جا سکے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان میں تعینات جمہوری اسلامی ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم ملاقات کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Bullet No. 1

Page No. 6


THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
www.dailyintekhab.pk
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
قیمت 30 روپے ★ صفحات
جلد نمبر 32 | بروز منگل 14 جنوری 2025ء بمطابق 13 رجب المرجب 1446ھ | شمارہ نمبر 14




کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے کے پی کے اپوزیشن لیڈر ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان میں تعینات ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

# پاک ایران بارڈر پر عوامی مشکلات حل کیلئے وفاق سے بات کرینگے

میر سرفراز بگٹی

بلوچستان اور ایران کے درمیان مختلف سطح پر وفود کے تبادلے اور تجارتی روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا، غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں گے

بعض علاقوں میں نایاب جنگلی حیات کو بے دردی سے مارنے کی اطلاعات ہیں غیر قانونی شکاریوں کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے، اعلان سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکریٹریٹ میں جمہوری اسلامی ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی، تعلیمی اور ثقافتی تعلقات کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایرانی وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان صدیوں پرانے دیرینہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں دونوں ممالک بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

بیشہ ایک دوسرے کے دکھ درد میں برادر کے طور شریک رہے ہیں دونوں ممالک کے مابین تجارتی، ثقافتی اور سماجی تعلقات کو مزید مضبوط کرنا وقت کی ضرورت ہے ملاقات میں ایرانی سفیر نے [illegible] پر گفتگو کی اور وفود کے تبادلے اور تجارتی روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا، غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے [illegible] بعض علاقوں میں نایاب جنگلی حیات کو بے دردی سے مارنے کی اطلاعات ہیں غیر قانونی شکاریوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے [illegible] جنگلی حیات کے تحفظ اور انتظام کیلئے فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ کا جاری کردہ اعلامیہ [illegible] صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکریٹری [illegible] ایڈیشنل چیف سیکریٹری [illegible] سیکریٹری فاریسٹ [illegible] اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ [illegible] فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ حکام کی جانب سے جنگلات و جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔

## بلوچستان کی سرزمین پر دہشت گردی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ کا ضلع کچھی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کامیاب آپریشن پر اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے ضلع کچھی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اس آپریشن کے دوران ستائیس دہشت گردوں کی ہلاکت کو ایک اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیاب کارروائی امن دشمنوں کے لیے ایک واضح پیغام ہے کہ بلوچستان کی سرزمین پر دہشت گردی بقیہ نمبر 61 صفحہ 5 پر

اور تخریب کاری کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا وزیراعلیٰ نے سیکیورٹی فورسز کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف [illegible] ہمارے سیکیورٹی ادارے [illegible] کے ساتھ بلوچستان میں امن کی بحالی کے لیے کام کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں [illegible] بلوچستان میں دہشت گردی کا خاتمہ [illegible] کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رہیں گے [illegible] فورسز کی کامیابی [illegible] حکومت [illegible] بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان سے خیبر پختونخوا اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر کی ملاقات

مائنز کے شعبے میں مزدوروں کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں گے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کے روز خیبر پختونخوا اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر ڈاکٹر عباداللہ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مائنز مزدوروں کے مسائل، حادثات میں جاں بحق ہونے والے مزدوروں کی مالی امداد اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مزدوروں کے مسائل کے حل کو اپنی حکومت کی ترجیحات میں شامل قرار دیتے ہوئے یقین دہانی بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

کرائی کہ مائنز کے شعبے میں مزدوروں کے تحفظ کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جاں بحق مزدوروں کے اہل خانہ کی مالی امداد کے حوالے سے فوری اقدامات کیے جائیں گے اور مائنز کے حادثات کی روک تھام کے لیے جدید حفاظتی تدابیر اپنائی جائیں گی [illegible] وزیراعلیٰ نے کہا کہ مائنز کے شعبے سے وابستہ مزدور بلوچستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور ان کے مسائل کا حل حکومت کی ذمہ داری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 14 JAN 2025 Page No. 8

# Bugti, Iranian envoy vow to promote bilateral ties

**Staff Report**

**QUETTA:** Ambassador of the Islamic Republic of Iran Dr. Reza Amiri Moqadam called on Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti here on Monday and discussions were held on promoting trade, educational and cultural relations between Pakistan and Iran during the meeting.

Welcoming the Iranian delegation, the CM said that he valued the centuries-old long-standing relations between Pakistan and Iran, the two countries have always shared each other's joys and sorrows. It is the need of the hour to further strengthen trade, cultural and social relations between the two countries, he said. Iranian Ambassador offered cooperation in various fields of social development including increasing trade volume, educational scholarships, and technical education. The CM said that exchange of delegations and trade relations between Balochistan and Iran at different levels would be further promoted saying that prevention of illegal smuggling, effective measures could be taken for and a lasting solution to be found to the problems being faced by traders.

He said that efforts would be made to resolve the problems of the border adjacent to Balochistan in collaboration with the central government so that facilities could be provided to the traders.

The CM said that the establishment of law and order in the areas would increase trade activities and it could be possible to eliminate smuggling.

In this regard, a meeting will also be held in Islamabad in which representatives of the Chambers of Commerce will be invited, he said.

The Chief Minister assured of facilities for Iranian traders and said that no legal commercial container or truck would face any kind of problems in Balochistan. For timely resolution of such problems, the Iranian Consulate should appoint its, a representative who will be in touch with the relevant authorities of the provincial government to assist the traders, he said. Iranian ambassador said that Iran is keen to start various programs for Pakistani students.

He accepted the invitation to visit Iran at the invitation of the Iranian Ambassador and said that he would soon visit Iran with a delegation.

At the end of the meeting, the two leaders reiterated their commitment to further promote bilateral relations and exchanged souvenirs.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9



Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | منگل 14 جنوری 2025ء بمطابق 13 رجب المرجب 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔14


# فورسز کی مسلسل جدوجہد سے دہشتگردی کا خاتمہ ممکن ہورہا ہے، سرفراز بگٹی


## سیکورٹی فورسز کی کاروائیاں اس بات کی عکاس ہیں کہ حکومت اور فورسز مل کر بلوچستان میں امن واستحکام کے قیام کے لیے سرگرم ہیں

## بلوچستان میں ترقی مخالف عناصر اور امن کے دشمنوں کو ناکام بنا دیا جائے گا اور حکومت، فورسز اور عوام مل کر اس سرزمین کو امن کا گہوارہ بنائیں گے

## فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور ان کی مسلسل جدوجہد سے ہی بلوچستان میں دہشت گردی کا خاتمہ ممکن ہورہا ہے، عوام کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رہیں گے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے ضلع کچھی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر اطمینان (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)

کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اس آپریشن کے دوران ستائیس دہشت گردوں کی ہلاکت کو ایک اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیاب کارروائی امن دشمنوں کے لیے ایک واضح پیغام ہے کہ بلوچستان کی سرزمین پر دہشت گردی اور تشدد کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے سیکیورٹی فورسز کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف اس مؤثر کارروائی سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ فورسز اپنے عزم اور صلاحیتوں کے ساتھ بلوچستان میں امن کی بحالی کے لیے کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور ان کی مسلسل جدوجہد سے ہی بلوچستان میں دہشت گردی کا خاتمہ ممکن ہو رہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ عوام کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رہیں گے اور سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں اس بات کی عکاس ہیں کہ حکومت اور فورسز مل کر بلوچستان میں امن واستحکام کے قیام کے لیے سرگرم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی ایک بڑی کامیابی ہے اور اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں ترقی مخالف عناصر اور امن کے دشمنوں کو ناکام بنا دیا جائے گا اور حکومت، فورسز اور عوام مل کر اس سرزمین کو امن کا گہوارہ بنائیں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں امن وامان کی بحالی کے لیے سیکیورٹی فورسز کی خدمات قابل فخر ہیں اور ان کی قربانیاں بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے پاکستان میں تعینات جمہوری اسلامی ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10


THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

شمارہ 14 | منگل 14 جنوری 2025ء بمطابق 13 رجب 1446ھ قیمت 20 روپے | جلد 29


دونوں برادر ملک مل کر تعلیمی

اسکالرشپ پروگرام تیار

کریں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

# ایران اور پاکستان کے درمیان قانونی تجارت پر کوئی قدغن نہیں

میر سرفراز بگٹی سے پاکستان میں ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے ملاقات کی جس میں تجارتی تعلیمی ثقافتی تعلقات کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کسی بھی قانونی تجارتی کنٹینر یا ٹرک کو بلوچستان میں نہیں روکا جائیگا وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایران کے دورے کی دعوت قبول کرتے ہوئے معزز سفیر کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں جمہوری اسلامی ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی، تعلیمی اور ثقافتی تعلقات کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایرانی وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان صدیوں پرانے دیرینہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں دونوں ممالک ہمیشہ ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں برابر کے شریک رہے ہیں دونوں ممالک کے مابین تجارتی. ثقافتی اور سماجی تعلقات کو مزید مضبوط کرنا وقت کی ضرورت ہے ملاقات میں ایرانی سفیر نے تجارتی حجم میں اضافے، تعلیمی اسکالرشپس، اور ٹیکنیکل ایجوکیشن سمیت سماجی ترقی کے مختلف شعبوں میں تعاون کی پیشکش کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان اور ایران کے درمیان مختلف سطح پر وفود کے تبادلے اور تجارتی روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا، غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے اور تاجروں کو درپیش مسائل کا پائیدار حل تلاش کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے ملحقہ بارڈر کے مسائل کو مرکزی حکومت کے ساتھ مل کر حل کرنے کی کوشش کی جائے گی، تاکہ تجارت پیشہ افراد کو سہولیات فراہم کی جاسکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریجن میں امن و امان کے قیام سے تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور اسمگلنگ کا خاتمہ ممکن ہوگا اس حوالے سے اسلام آباد میں ایک اجلاس بھی منعقد کیا جائے گا جس میں چیمبرز آف کامرس کے نمائندوں کو مدعو کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے ایرانی تاجروں کے لیے سہولتوں کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ کسی بھی قانونی تجارتی کنٹینر یا ٹرک کو بلوچستان میں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہیں ہوگا ایسی مشکلات کے بروقت ازالے کے لئے ایرانی قونصلیٹ اپنا رابطہ کار مقرر کرے جو تاجر پیشہ افراد کی معاونت کے لئے صوبائی حکومت کے متعلقہ حکام سے رابطے میں رہے ایرانی سفیر نے تعلیمی اسکالرشپس کی پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ ایران پاکستان کے طلبہ کے لیے مختلف پروگرامز شروع کرنے کا خواہاں ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس پیشکش کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایرانی قونصلیٹ اور حکومت بلوچستان کے حکام مل کر اسکالرشپ پروگرام کے لیے لائحہ عمل تیار کریں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس پیشکش کے تحت کوئٹہ میں مقیم ہزارہ کمیونٹی کے لیے بھی خصوصی تعلیمی اسکالرشپ پروگرام بھی شروع کیا جائے گا

## جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے اقدامات کو موثر بنایا جائے، سرفراز بگٹی

بے دریغ غیر قانونی شکار سے بعض نایاب جنگلی حیات معدومی کے خطرات سے دوچار ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بعض علاقوں میں نایاب جنگلی حیات کو بے دردی سے مارنے کی اطلاعات ہیں، غیر قانونی شکار میں ملوث شکاریوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو صوبے میں نایاب جنگلات و جنگلی حیات کے تحفظ اور استحکام کیلئے فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ کا جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، اجلاس میں صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، سیکرٹری فاریسٹ نور احمد پرکانی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ حکام کی جانب سے جنگلات و جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی، اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جنگلات و جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے اقدامات کو موثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بے دریغ غیر قانونی شکار سے بعض نایاب جنگلی حیات معدومی کے خطرات سے دوچار ہیں کمیونٹی مانیٹرنگ کے لئے قبائلی عمائدین اور مقامی قبائل پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل فنڈز فار پروٹیکٹڈ ایریاز کی بحالی وفاقی وزارت موسمیاتی تبدیلی سے بات کریں گے۔ سیکرٹری محکمہ جنگلات نور احمد پرکانی نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ تکتو میں غیر قانونی شکار میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے تینوں ملزمان سرکاری ملازمین ہیں قانونی کارروائی کررہے ہیں۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے خیبر پختونخوا صوبائی اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر ڈاکٹر عباد اللہ ملاقات کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

Bullet No. 1 — Page No. 11

| شمارہ 334 | MEMBER OF APNS / رجسٹرڈ ہی پی ٹی-10 | قیمت 10 روپے | FaX:2839867 | Ph :2839851 | جلد 27 |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1446ھ | 13 رجب المرجب | منگل 14 جنوری 2025ء |


## سرفراز بگٹی سے ایرانی سفیر کی ملاقات

# تجارتی حجم میں اضافہ، تعلیمی اسکالرشپ اور سماجی ترقی کے شعبوں میں تعاون کی پیشکش

ملاقات میں تجارتی، تعلیمی اور ثقافتی تعلقات کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال، ایرانی سفیر نے سیستان میں بلوچ گورنر کی تقرری سے آگاہ کردیا، وزیراعلیٰ کا مسرت کا اظہار

**تجارتی روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا، غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں گے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی ڈاکٹر رضا امیری مقدم سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں جمہوری اسلامی ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی، تعلیمی اور ثقافتی تعلقات کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایرانی وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان صدیوں پرانے دیرینہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں دونوں ممالک ہمیشہ ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں برابر کے شریک رہے ہیں دونوں ممالک کے مابین تجارتی، ثقافتی اور سماجی تعلقات کو مزید مضبوط کرنا وقت کی ضرورت ہے ملاقات میں ایرانی سفیر نے تجارتی حجم میں اضافے، تعلیمی اسکالرشپس، اور ٹیکنیکل ایجوکیشن سمیت سماجی ترقی کے مختلف شعبوں میں تعاون کی پیشکش کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان اور ایران کے درمیان مختلف سطح پر وفود کے تبادلے اور تجارتی روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا، غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے اور تاجروں کو درپیش مسائل کا پائیدار حل تلاش کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے ملحقہ بارڈر کے [illegible] حکومت کے [illegible] کو حل کرنے کی کوشش کی جائے گی، تاکہ تجارت پیشہ افراد کو سہولیات فراہم کی جاسکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریجن میں امن و امان کے قیام سے تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور اسمگلنگ کا خاتمہ ممکن ہوگا اس حوالے سے اسلام آباد میں ایک اجلاس بھی منعقد کیا جائے گا جس میں چیمبر آف کامرس کے نمائندوں کو مدعو کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے ایرانی تاجروں کے لیے سہولتوں کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ کسی بھی قانونی تجارتی کنٹینر یا ٹرک کو بلوچستان میں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہیں ہوگا ایسی مشکلات کے بروقت ازالے کے لئے ایرانی قونصلیٹ اپنا رابطہ کار مقرر کرے جو تاجر پیشہ افراد کی معاونت کے لئے صوبائی حکومت کے متعلقہ حکام سے رابطے میں رہے ایرانی سفیر نے تعلیمی اسکالرشپس کی پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ ایران پاکستان کے طلب کے لیے مختلف پروگرام شروع کرنے کا خواہاں ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس پیشکش کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایرانی قونصلیٹ اور حکومت بلوچستان کے حکام مل کر اسکالرشپ پروگرام کے لیے لائحہ عمل تیار کریں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس پیشکش کے تحت کوئٹہ میں مقیم ہزارہ کمیونٹی کے لیے بھی خصوصی تعلیمی اسکالرشپ پروگرام بھی شروع کیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کے تحت طلبہ کو دنیا بھر کی دو سو ممتاز جامعات میں اعلیٰ تعلیم کے لیے اسکالرشپ دی جارہی ہے فنی تربیت اور روزگار کی فراہمی صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے ایرانی سفیر کی دعوت پر ایران کے دورے کی دعوت قبول کرتے ہوئے کہا کہ وہ جلد ہی وفد کے ہمراہ ایران کا دورہ کریں گے ملاقات کے دوران ایرانی سفیر نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو سیستان میں بلوچ گورنر کی تقرری سے متعلق آگاہ کیا جس پر وزیراعلیٰ نے مسرت کا اظہار کرتے ہوئے اسے نیک شگون قرار دیا ملاقات کے اختتام پر دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا اور سوینئرز کا تبادلہ کیا


## وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس

# جنگلات و جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے اقدامات کو موثر بنانے کا فیصلہ

بعض علاقوں میں نایاب جنگلی حیات کو بے دردی سے مارنے کی اطلاعات، سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ہدایت

**کمیونٹی مانیٹرنگ کیلئے قبائلی عمائدین اور مقامی قبائل پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے، میر سرفراز بگٹی کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بعض علاقوں میں نایاب جنگلی حیات کو بے دردی سے مارنے کی اطلاعات ہیں، غیر قانونی شکار میں ملوث شکاریوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو صوبے میں نایاب جنگلات و جنگلی حیات کے تحفظ اور استحکام کیلئے فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ کا جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی اجلاس میں صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، سیکرٹری فاریسٹ نور احمد پرکانی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ حکام کی جانب سے جنگلات و جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی، اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جنگلات و جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے اقدامات کو موثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بے دریغ غیر قانونی شکار سے بعض نایاب جنگلی حیات معدومی کے خطرات سے دوچار ہیں کمیونٹی مانیٹرنگ کے لئے قبائلی عمائدین اور مقامی قبائل پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ [illegible] بحالی وفاقی وزارت موسمیاتی تبدیلی سے بات کریں گے۔ سیکرٹری محکمہ جنگلات نور احمد پرکانی نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ [illegible] میں غیر قانونی شکار میں ملوث تین افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے تینوں افراد سرکاری ملازمین ہیں قانونی کارروائی کر رہے ہیں۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے اپوزیشن لیڈر [illegible] ڈاکٹر [illegible] ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 12


# میزان

جلد 76 | منگل 14 جنوری 2025ء، 13 رجب المرجب 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 135


## غیرقانونی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کئے جائینگے سرفراز بگٹی

پاکستان اور ایران کے درمیان صدیوں پرانے دیرینہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں دونوں ممالک ہمیشہ ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں برابر کے شریک رہے ہیں ان ممالک کے مابین تجارتی، ثقافتی اور سماجی تعلقات کو مزید مضبوط کرنا وقت کی ضرورت ہے

بلوچستان سے ملحقہ بارڈر کے مسائل کو مرکزی حکومت کے ساتھ مل کر حل کرنے کی کوشش کی جائے گی، تاکہ تجارت پیشہ افراد کو سہولیات فراہم کی جاسکیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کی جمہوری اسلامی ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم سے ملاقات کے دوران گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں جمہوری اسلامی ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی، (بقیہ 2 صفحہ 2پر)

تعلیمی اور ثقافتی تعلقات کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایرانی وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان صدیوں پرانے دیرینہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں دونوں ممالک ہمیشہ ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں برابر کے شریک رہے ہیں دونوں ممالک کے مابین تجارتی، ثقافتی اور سماجی تعلقات کو مزید مضبوط کرنا وقت کی ضرورت ہے ملاقات میں ایرانی سفیر نے تجارتی حجم میں اضافے، تعلیمی اسکالرشپس، اور ٹیکنیکل ایجوکیشن سمیت سماجی ترقی کے مختلف شعبوں میں تعاون کی پیشکش کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان اور ایران کے درمیان مختلف سطح پر وفود کے تبادلے اور تجارتی روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا، غیرقانونی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے اور تاجروں کو درپیش مسائل کا پائیدار حل تلاش کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے ملحقہ بارڈر کے مسائل کو مرکزی حکومت کے ساتھ مل کر حل کرنے کی کوشش کی جائے گی، تاکہ تجارت پیشہ افراد کو سہولیات فراہم کی جاسکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریجن میں امن وامان کے قیام سے تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور اسمگلنگ کا خاتمہ ممکن ہوگا اس حوالے سے اسلام آباد میں ایک اجلاس بھی منعقد کیا جائے گا جس میں چیمبرز آف کامرس کے نمائندوں کو مدعو کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے ایرانی تاجروں کے لیے سہولتوں کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ کسی بھی قانونی تجارتی کنٹینر یا ٹرک کو بلوچستان میں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہیں ہوگا ایسی مشکلات کے بروقت ازالے کے لئے ایرانی قونصلیٹ اپنا رابطہ کار مقرر کرے جو تاجر پیشہ افراد کی معاونت کے لئے صوبائی حکومت کے متعلقہ حکام سے رابطے میں رہے ایرانی سفیر نے تعلیمی اسکالرشپس کی پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ ایران پاکستان کے طلبہ کے لیے مختلف پروگرام شروع کرنے کا خواہاں ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس پیشکش کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایرانی قونصلیٹ اور حکومت بلوچستان کے حکام مل کر اسکالرشپ پروگرام کے لیے لائحہ عمل تیار کریں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس پیشکش کے تحت کوئٹہ میں مقیم ہزارہ کمیونٹی کے لیے بھی خصوصی تعلیمی اسکالرشپ پروگرام بھی شروع کیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے، جس کے تحت طلبہ کو دنیا بھر کی دو سو ممتاز جامعات میں اعلیٰ تعلیم کے لیے اسکالرشپ دی جارہی ہے فنی تربیت اور روزگار کی فراہمی صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے ایرانی سفیر کی دعوت پر ایران کے دورے کی دعوت قبول کرتے ہوئے کہا کہ وہ جلد ہی وفد کے ہمراہ ایران کا دورہ کریں گے ملاقات کے دوران ایرانی سفیر نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو سیستان میں بلوچ گورنر کی تقرری سے متعلق آگاہ کیا جس پر وزیراعلیٰ نے مسرت کا اظہار کرتے ہوئے اسے نیک شگون قرار دیا ملاقات کے اختتام پر دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا اور سوینیئرز کا تبادلہ کیا۔

## مائنز سے وابستہ مزدور بلوچستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، وزیراعلیٰ

مزدوروں کے مسائل کے حل کو اپنی حکومت کی ترجیحات میں شامل قرار دیتے ہیں مائنز کے شعبے میں مزدوروں کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے

جاں بحق مزدوروں کے اہل خانہ کی مالی امداد کے حوالے سے فوری اقدامات کیے جائیں گے، اپوزیشن لیڈر کے پی سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کے روز خیبر پختونخوا اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر ڈاکٹر عباداللہ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مائنز مزدوروں کے مسائل، حادثات میں جاں بحق ہونے والے مزدوروں کی مالی امداد اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مزدوروں کے مسائل کے حل کو اپنی حکومت کی ترجیحات میں شامل قرار دیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ مائنز (بقیہ 5 صفحہ 2پر)

کے شعبے میں مزدوروں کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ جاں بحق مزدوروں کے اہل خانہ کی مالی امداد کے حوالے سے فوری اقدامات کیے جائیں گے اور مائنز کے حادثات کی روک تھام کے لیے جدید حفاظتی تدابیر اپنائی جائیں گی اس ضمن میں ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ مائنز کے شعبے سے وابستہ مزدور بلوچستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور ان کے مسائل کا حل حکومت کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کے مائنز کے قوانین کو مزید مضبوط بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ مائنز کے شعبے میں مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور حادثات کی روک تھام کے لیے بین الصوبائی تعاون کو فروغ دیا جائے گا ملاقات کے اختتام پر ڈاکٹر عباداللہ نے وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں مزدوروں کے مسائل کے حل میں نمایاں پیش رفت ہوگی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 13

Daily Qudrat Quetta
روزنامہ قدرت کوئٹہ
صفحات 8 قیمت 15 روپے
چیف ایڈیٹر نعمت اللہ
جلد 20 منگل 14 جنوری 2025، 13 رجب المرجب 1446ھ شمارہ 277

# پاک ایران تعلقات مزید مضبوط اور قائم بنائیں گے، وزیراعلیٰ بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم کی ملاقات، تجارتی، ثقافتی تعلیمی امور اور سماجی تعاون پر بات چیت

بلوچستان اور ایران کے درمیان مختلف سطح پر وفود کے تبادلے اور تجارتی روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا، غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں جمہوری اسلامی ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی، تعلیمی اور ثقافتی تعلقات کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا بقیہ 9 صفحہ 6 پر

گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایرانی وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان صدیوں پرانے دیرینہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں دونوں ممالک ہمیشہ ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں برابر کے شریک رہے ہیں دونوں ممالک کے مابین تجارتی، ثقافتی اور سماجی تعلقات کو مزید مضبوط کرنا وقت کی ضرورت ہے ملاقات میں ایرانی سفیر نے تجارتی حجم میں اضافے، تعلیمی اسکالرشپس، اور ٹیکنیکل ایجوکیشن سمیت سماجی ترقی کے مختلف شعبوں میں تعاون کی پیشکش کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان اور ایران کے درمیان مختلف سطح پر وفود کے تبادلے اور تجارتی روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا، غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے اور تاجروں کو درپیش مسائل کا پائیدار حل تلاش کیا جائے گا۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ایرانی میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں، ایرانی سفیر رضا امیری مقدم بھی ہمراہ ہیں

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 16

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | منگل 14 جنوری 2025ء 13 رجب المرجب 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 14

## کچھی سیکورٹی فورسز کا آپریشن
## 27 دہشت گرد ہلاک

# امن دشمنوں کو ناکام بنائیں گے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

آپریشن کے دوران دہشتگردوں کے ٹھکانے، اسلحے اور گولہ بارود کو بھی تباہ کر دیا گیا، دہشت گرد فورسز اور شہریوں کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث تھے، آئی ایس پی آر

میر سرفراز بگٹی سے ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم کی ملاقات، تجارتی، ثقافتی تعلیمی امور اور سماجی تعاون پر بات چیت، تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر زور

راولپنڈی، کوئٹہ (این این آئی، آن لائن) بلوچستان کے علاقے کچھی میں سیکورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 27 دہشتگرد ہلاک ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے ٹھکانے پر مؤثر کارروائی کی اور ٹھکانے کا گھیراؤ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن کے دوران دہشتگردوں کے ٹھکانے، اسلحے اور گولہ بارود کو بھی تباہ کر دیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مارے گئے دہشت گرد فورسز اور شہریوں کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث تھے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو انتہائی مطلوب تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی کوششیں ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ دریں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے ضلع کچھی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اس آپریشن کے دوران ستائیس دہشت گردوں کی ہلاکت کو ایک اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیاب کارروائی امن دشمنوں کے لیے ایک واضح پیغام ہے کہ بلوچستان کی سرزمین پر دہشت گردی اور تشدد کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے سیکیورٹی فورسز کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف اس کی کارروائیوں سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ فورسز اپنے عزم اور صلاحیتوں کے ساتھ بلوچستان میں امن کی بحالی کے لیے کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور ان کی مسلسل جدوجہد سے ہی بلوچستان میں دہشت گردی کا خاتمہ ممکن ہو رہا ہے وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ عوام کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رہیں گے اور سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں اس بات کی عکاس ہیں کہ حکومت اور فورسز مل کر بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے سرگرم ہیں۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان میں تعینات جمہوری اسلامی ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 14 JAN 2025 Page No. 15


# بلوچستان کی خوشحالی ملک کو خوشحال بنا سکتی ہے، وزیر زراعت

## بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل سے استفادہ حاصل کر کے بلوچستان خوشحال بن سکتا ہے، صوبے کے مختلف حصوں میں صنعتی زونز قائم کر رہے ہیں، علی حسن زہری

### سابقہ ادوار میں بلوچستان کے حکمرانوں نے بیانات، تقریروں، وعدوں کی بھرمار کر دی لیکن عملدرآمد نہیں کیا اور ان کے اعلانات بھی باقی سب اعلانات اور وعدوں کی طرح ہوا میں تحلیل ہو چکے ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل سے استفادہ حاصل کر کے بلوچستان خوشحال بن سکتا ہے جبکہ یہ حقیقت ہے کہ بلوچستان کی خوشحالی پورے ملک کو خوشحال بنا سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و صوبائی وزیر برائے زراعت، صنعت و حرفت میر علی حسن زہری نے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد سے ایک ملاقات میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا اور قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، بلوچستان کی خوشحالی پورے ملک کو خوشحال بنا سکتی ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ سابقہ ادوار میں بلوچستان کے حکمرانوں نے بیانات، تقریروں، وعدوں کی بھرمار کر دی لیکن عملدرآمد نہیں کیا اور ان کے اعلانات بھی باقی سب اعلانات اور وعدوں کی طرح ہوا میں تحلیل ہو گئے لیکن موجودہ حکومت کا وژن ہے کہ بلوچستان کے وسائل کو بروئے کار لا کر نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی تقدیر کو بدلا جائے۔ پچھلے ادوار میں مفاد پرست عناصر نے صوبے کے سب سے بڑے انڈسٹریل زون حب کو مجرمانہ طور پر نظر انداز کیا جس کی وجہ سے حب کھنڈرات میں تبدیل ہو گیا لیکن اللہ کے فضل سے ہم نے عوام کے تعاون سے اور ووٹ کی طاقت (بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 5 پر)

سے چالیس سالہ دور کا خاتمہ کر دیا ہے اور حب سمیت صوبے کے مختلف حصوں میں صنعت زونز قائم کر رہے ہیں جس کے بہت جلد دورس نتائج آنا شروع ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے بلوچستان کو قدرتی وسائل سے خوب نوازا ہے۔ یہاں کے عوام خوش قسمت ہیں کہ بلوچستان میں چاروں موسم پائے جاتے ہیں اور ہر قسم کی معدنیات موجود ہیں۔ ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ان قدرتی وسائل سے مثبت طریقے سے استفادہ حاصل کیا جا سکے اور اس کے لئے موجودہ حکومت بھرپور کوشش کر رہی ہے۔ ریکوڈک، سینڈک، سی پیک اور گوادر پورٹ کے منصوبوں سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے جس سے بلوچستان کے عوام سمیت پورا ملک مستفید ہو رہا ہے۔ ان منصوبوں سے بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے روزگار کے بے پناہ مواقع میسر آئے ہیں اور نوجوانوں کو باعزت روزگار حاصل ہو رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ صوبے میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لئے بھی بہترین مواقع موجود ہیں جو مختلف منصوبوں میں سرمایہ کاری کر کے ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ، سی پیک، ریکوڈک منصوبوں سے سب سے زیادہ فائدہ بلوچستان کو ہوگا۔ بطور صوبائی وزیر صنعت و حرفت ہم صوبائی حکومت کی جانب سے سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے ہر ممکن تعاون اور سیکیورٹی کی یقین دہانی کراتے ہیں اور ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کی بلوچستان میں بڑھتی دلچسپی اس بات کی دلیل ہے کہ مستقبل میں بلوچستان خطے میں نہایت اہم حیثیت اختیار کر جائے گا جس کا ادراک سرمایہ کاروں کو ہو چکا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے دوست ممالک کے سرمایہ کاروں نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے دلچسپی ظاہر کی ہے جس سے بلوچستان میں سرمایہ کاری اور تجارت کے نئے دور کا آغاز ہوگا اور مستقبل قریب میں بلوچستان خطے میں تجارت و سرمایہ کاری کے حوالے سے نہایت اہم کردار ادا کرے گا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 14 JAN 2025 Page No. 16


## عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ

### عوام کے اس اعتماد کو کسی بھی صورت میں ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، صوبائی وزیر خوراک

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ حلقہ کی عوام کے مسائل کے حل اور علاقائی ترقی کے لئے وہ دن رات کوشاں ہیں۔ حلقہ بھر میں گزشتہ حکومت میں اور موجودہ حکومت میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے منظور کرائے ہیں ہمارا سیاست کرنے کا مقصد عوام کی خدمت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ عوام کے مسائل ان کے دہلیز پر حل کرنا اولین ترجیح ہے حلقے کے عوام نے جو اعتماد کیا ہے ہم عوام کے اس اعتماد کو کسی بھی صورت میں ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، عوام کی خدمات اولین ترجیح ہے عوام کے مسائل کو ان کے دہلیز پر حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں، عوام کی خدمات کو عبادت سمجھ کر کرتے ہیں حلقہ انتخاب میں بلاتفریق رنگ ونسل ترقیاتی کاموں کا جو جال بچھایا گیا ہے ان کو مزید وسیع کر کے علاقے میں عوام کے مسائل کو حل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے حلقے میں سینکڑوں چھوٹے اور بڑے ترقیاتی منصوبوں اور میگا پراجیکٹس پر کام تیزی سے جاری ہے جن کی تکمیل سے حلقے کے دونوں اضلاع کا شمار ترقی یافتہ اضلاع میں ہوگا۔

## محکمہ مواصلات وتعمیرات کو جدید خطوط پر استوار کرنا اولین ترجیح ہے، سلیم کھوسہ

### محکمے کے تکنیکی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کا کردار ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے صوبے میں انفراسٹرکچر کی بہتری ترقی اور خوشحالی کا دارومدار محکمہ مواصلات وتعمیرات کی بہتر کارکردگی پر منحصر ہے محکمہ مواصلات وتعمیرات کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور جدید ٹیکنالوجی میسر کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات کی کارکردگی کو مذید بہتر بنانے کی ضرورت ہے اور اس حوالے سے محکمہ کے تمام تیکنیکی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تاکہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں حائل رکاوٹیں ختم ہوں انہوں نے کہا کہ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور اس حوالے سے ترقیاتی منصوبوں کی مانیٹرنگ میں خود بھی کرونگا اور تمام آفیسران بھی یہ یقینی بنائیں کہ جاری سکیمات کی مانیٹرنگ ہو۔

MASHRIQ QUETTA

## محکمہ ریونیو کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے، عاصم کرد گیلو

### مسائل عوام کی دہلیز پر حل ہوں گے، غفلت و لاپرواہی کی کوئی گنجائش نہیں، صوبائی وزیر

### ڈیوٹی میں غفلت برتنے والوں کو انجام تک پہنچائیں گے، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ محکمہ ریونیو کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کئے جائیں گے غفلت اور لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں غفلت برتنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی صوبائی حکومت عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے امن وامان .......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کی صورتحال کی بہتری، تعلیم اور صحت کی بہتری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں عوام جلد سہولیات سے مستفید ہونگے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ محکمہ ریونیو کی ترقی اور جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے آفیسران ودیگر سٹاف ملکر کردار ادا کریں تاکہ عوام کیلئے سہولیات میسر ہوں آفیسران سمیت دیگر عملے کو چاہئے کہ وہ اپنی ڈیوٹی ایمانداری سے سرانجام دیں اور عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کریں انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی بہتری کیلئے صوبائی حکومت اور سیکورٹی فورسز ایک پیج ہیں اور جلد دہشت گردی کا خاتمہ کیا جائے گا تاکہ عوام سکھ کا سانس لے سکیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 14 JAN 2025 Page No. 18


## ...ن میں دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی تباہ کر دیا گیا: آئی ایس پی آر

# ...ھی دہشتگردوں کیخلاف سیکیورٹی فورسز کا آپریشن 27 ہلاک

...موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس پر مبنی ایک کامیاب آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو گھیرے میں لیا اور مؤثر کارروائی کی۔ شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 27 دہشت گرد مارے گئے

...شت گردوں کے متعدد ٹھکانے، اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی تباہ کر دیا گیا۔ مارے گئے دہشت گرد سیکیورٹی فورسز اور معصوم شہریوں کے خلاف دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے

...فوج کے تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ روز سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع کیچ میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس پر مبنی ایک کامیاب آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو گھیرے میں لیا اور مؤثر کارروائی کی۔ شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 27 دہشت گرد مارے گئے۔ آپریشن میں دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے، اسلحہ، گولہ بقیہ 2 صفحہ 6 پر

بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی تباہ کر دیا گیا۔ مارے گئے دہشت گرد سیکیورٹی فورسز اور معصوم شہریوں کے خلاف دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے انتہائی مطلوب افراد تھے۔ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ وہ قوم کے شانہ بشانہ بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 14 JAN 2025

Page No. 20

# ترقیاتی منصوبوں میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، لعل جان جعفر

منصوبوں پر پیش رفت ست روی کا شکار نہیں ہونی چاہیے ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کیا جائے

**افسران سرسری وزٹ کے بجائے مکمل ٹیم کے ساتھ تمام منصوبوں کا وزٹ کریں، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات**

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر نے کہا ہے کہ جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت ست روی کا شکار نہیں ہونا چاہئے جب تک اپنی پوری توجہ کے ساتھ ان منصوبوں کو تیزی سے مکمل نہیں کرینگے اس وقت تک جائزہ اجلاس منعقد کرنا بے سود ہے ان خیالات کا اظہار سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے محکمہ کے تحت صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کے موقع پر کہا اجلاس کے پہلے دن خضدار زون بلڈنگ سیکٹر میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ٹیکنیکل ایڈوائزر مختیار احمد کاکڑ کے علاوہ متعلقہ ترقیاتی منصوبوں کے ایکسین اور محکمہ مواصلات و تعمیرات کے دیگر حکام بھی موجود تھے اجلاس کو خضدار زون بلڈنگ سیکٹر میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس کو تمام متعلقہ ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ اور مذکورہ منصوبوں پر حائل ٹیکنیکی مسائل اور انکے مکمل ہونے اور متعلقہ محکموں کے حوالے کرنے کے حوالے سے مکمل اور جامع تفصیلات دیں اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر نے متعلقہ منصوبوں پر ست روی دکھانے پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ منصوبوں کو مکمل کرنے میں تیزی لائی جائے اور اس حوالے سے ان منصوبوں پر کسی بھی قسم کی ٹیکنیکی مسائل ہیں انھیں ترجیحی بنیادوں پر حل کریں

INTEKHAB QUETTA

# چیف جسٹس: کوئٹہ اور گوادر کے دورے پر لاپتہ افراد کے کیسز نے ہلا کر رکھ دیا

سپریم کورٹ ٹائٹینک ہے آپ اس کو تبدیل نہیں کر سکتے، ججز پر تنقید ہونی چاہیے لیکن تعمیری تنقید ہو، لاپتہ افراد کے کیسز کو ٹیک اپ کیا جائے گا

**سپریم جوڈیشل کونسل میں ججز کے خلاف شکایات پر کارروائی چل رہی ہے، سپریم کورٹ کی سمت کو تبدیل کرکے انصاف کی فراہمی بہتر کی جاسکتی ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی**

اسلام آباد (آئی این پی) چیف جسٹس سپریم کورٹ جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ ٹائٹینک ہے آپ اس کو تبدیل نہیں کر سکتے، ججز پر تنقید ہونی چاہیے لیکن تعمیری تنقید ہو، مستحق سائلین کو ڈسٹرکٹ جوڈیشری میں مفت وکیل کی سہولت دیں گے۔ پیر کو چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے سپریم کورٹ پریس ایسوسی ایشن کے ممبران نے بقیہ نمبر 52 صفحہ 5 پر

ملاقات کی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے اس موقع پر کہا کہ سپریم کورٹ کا ہر جج آزاد ہے۔ ہر جج کیس کو اپنے انداز سے دیکھتا ہے۔ ججز کو بریکٹ نہیں کیا جانا چاہیے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ سپریم کورٹ ایک ٹائٹینک ہے آپ اس کو تبدیل نہیں کر سکتے۔ ججز پر تنقید ہونی چاہیے لیکن تعمیری تنقید ہو۔ سپریم کورٹ میں ریفارمز کے حوالے سے بہت سے اقدامات اٹھائے جا چکے ہیں۔ ہائی کورٹ کی اتھارٹی کا بہت احترام ہے۔ ڈسٹرکٹ جوڈیشری ہائی کورٹ کے ماتحت ہے۔ براہ راست ہائی کورٹ کی اتھارٹی یا ماتحت عدالت میں مداخلت نہیں ہوگی۔ سپریم کورٹ کی سمت کو تبدیل کرکے انصاف کی فراہمی بہتر کی جاسکتی ہے۔ چیف جسٹس کا فیصلہ سرعت کے ساتھ ہوا میں نے کچھ سوچا ہوا نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ میرا وژن یہ ہے کہ سپریم کورٹ میں کیس فائل ہو تو سائل کا ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر لیا جائے۔ سائل کا واٹس ایپ اور ای میل لینے سے اس کو کیس کی فائلنگ سے لے کر فیصلہ تک تمام آرڈرز ملتے رہیں گے۔ ارجنٹ درخواستوں کی سماعت کا میکنزم بھی بنا رہے ہیں۔ ہمارے ججز نے 8 ہزار کیسز مختصر وقت میں نمٹائے ہیں۔ کیس مینجمنٹ بہتر کرنے سے انصاف کی فراہمی میں بہتری لائی جاسکتی ہے۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 14 JAN 2025

Page No. 21


# کوئٹہ ڈیری فارم دودھ 175 روپے دکان پر قیمت 190 روپے مقرر

## ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس، دودھ اور دہی کی قیمتوں کا تجزیہ اور جائزہ لیا گیا

### شہریوں کو ریلیف دینے کیلئے گراں فروشوں کیخلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائی ہورہی ہے

کوئٹہ (خ ن) ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی نے شہر میں دودھ کی قیمتیں مقرر کردیے۔ جس کے مطابق دودھ ڈیری فارم قیمت 175 روپے اور دکان پر قیمت 190 روپے مقرر کردیا گیا ہے۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر (کچلاک) بہادر خان، اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) شرکت کی اسکے علاوہ محکمہ لائیو سٹاک، محکمہ انڈسٹری، مارکیٹ کمیٹی کے نمائندوں نے شرکت اور ڈیری فارم ایسوسی ایشن۔ ملک دکانداران ایسوسی ایشن اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں دودھ اور دہی کی قیمتوں کا تجزیہ اور جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میں دودھ اور دہی کی قیمتوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ضلعی انتظامیہ کے آفیسران اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بتایا کہ شہر میں سرکاری نرخنامے کی مسلسل خلاف ورزی ہورہی ہے۔ دودھ اور دہی کی دکانوں پر دودھ اور دہی مہنگا فروخت ہورہے ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جو بھی ڈیری فارم والے سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کریگا ڈیری فارم کو سیل کرکے مالک کو گرفتار کرکے جیل بھجوایا جائیگا اور جو بھی دکاندار 190 سے زیادہ قیمت وصول کریگا اس دکان کو بھی سیل کرکے دکاندار کو جیل بھجوایا جائیگا۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ کے آفیسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ گرانفروشوں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کی جائے۔ روزانہ کی بنیاد پر دکانیں سیل اور دکانداران کو گرفتار کرکے روزانہ کی رپورٹ پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں گراں فروشی اور ناجائز منافع خوری کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں کیجائے گی۔ دودھ اور دہی کی مقررہ قیمتوں پر فروخت کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ انتظامیہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے گراں فروشوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائی کررہی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 14 JAN 2025 Page No. 23

## کچھی میں سیکورٹی فورسز کی دہشتگردوں کیخلاف کامیاب کارروائی پرخراج تحسین

### ہمیں اپنی سیکورٹی فورسز پرفخراورناز ہے جن کی ناقابل فراموش قربانیاں ہیں،عبیداللہ گورگیج

کوئٹہ (آن لائن) پیپلزپارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی میرحاجی عبیداللہ گورگیج نے ضلع کچھی میں سیکورٹی فورسز کی دہشتگردوں کیخلاف کامیاب کارروائی پراطمینان کااظہارکرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں قیام امن کیلئے ایسی کارروائیاں ناگزیر ہیں،بلوچستان میں ترقی اور امن دشمنوں کے ناپاک عزائم کوناکام بنادیاجائیگا۔اپنے ایک بیان میں رکن صوبائی اسمبلی میرحاجی عبیداللہ گورگیج نے ضلع کچھی میں کامیاب آپریشن پرسیکورٹی فورسز کوخراج ........

بقیہ 54صفحہ نمبر 7پر

تحسین پیش کرتے ہوئے کہاکہ ہمیں اپنی سیکورٹی فورسز پرفخراورناز ہے جن کی ناقابل فراموش قربانیاں ہیں وہ دن دورنہیں جب عوام کے تعاون سے سیکورٹی فورسز اس ملک اور صوبے کوامن کا گہوارہ بناکر ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرینگے،انہوں نے مزید کہاکہ امن سے ترقی وابستہ ہے غیرملکی آقاؤں کے اشارے پرکھیلنے والوں کیلئے کچھی آپریشن واضح پیغام ہے کہ ملک وصوبے میں قیام امن اورترقی میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائیگی اورایسے ناپاک عزائم رکھنے والوں کونیست ونابودکیاجائیگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 14 JAN 2025 Page No. 24

# بلوچستان مختلف علاقوں میں فائرنگ، بم دھماکہ، 2 افراد جاں بحق، تعمیراتی کیمپ پر حملہ، 3 اغوا

**جوسک ایم ایٹ شاہراہ پر بم دھماکہ، ایک شخص ہلاک، متوفی محکمہ صحت کا چوکیدار بتایا جاتا ہے، جو بم نصب کرتے ہوئے دھماکے سے مارا گیا، شناخت اتفاق کے نام سے کرلی گئی**

**اوتھل کے اریا گاہو میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، ژوب تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر حملے کی تحقیقات شروع کردی گئی**

ژوب/اوتھل/تربت (بیورو رپورٹ) تربت جوسک ایم 8 شاہراہ پر بم دھماکہ، ایک شخص جاں بحق، پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ شب ایم 8 شاہراہ پر جوسک کے مقام پر بم دھماکہ کے نتیجہ میں ایک شخص جان بحق ہوا ہے جس کی شناخت اتفاق ولد منظور کے نام سے کی گئی ہے جو محکمہ صحت کا چوکیدار تھا، پولیس ذرائع کے مطابق دھماکہ میں ہلاک ہونے والا شخص بم نصب کرتے وقت دھماکہ سے جان بحق ہوا ہے۔ اوتھل کے اریا گاہو میں نامعلوم افراد بقیہ نمبر 39 صفحہ 5 پر

نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا۔ قتل ہونیوالے شخص کی شناخت ماسٹر علی محمد موشانی کے نام سے ہوئی۔ تفصیلات کی مطابق اوتھل کے علاقے سکن کے قریب گاہو میں لنک روڈ سے نعش ملی جسے فائرنگ کرکے قتل کیا گیا تھا نعش کی اطلاع ملتے ہی اوتھل پولیس کے ایس ایچ او یار محمد کانڈوا اور ایدھی انچارج ڈاکٹر عبدالکیم لاسی موقع پر پہنچے اور نعش کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال اوتھل منتقل کیا۔ جہاں نعش کی شناخت ماسٹر علی محمد موشانی ساکن شبہ لاکھڑا کے نام سے ہوئی، جبکہ ضروری کارروائی کے بعد نعش کو ورثاء کے حوالے کردیا گیا۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کو ملانے والی زیر تعمیر ژوب میر علی خیل۔ ٹانک روڈ کے سیکشن نو پر تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر مسلح افراد نے حملہ کردیا۔ حملے کے دوران پی ٹی ٹھیکیدار کو دو ساتھیوں سمیت اغوا کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اغوا کیے گئے افراد کا تعلق ضلع ژوب کے علاقے کلی خوژ کزئی سے ہے۔ واقعہ ژوب سے تقریباً 70 کلومیٹر کے فاصلے پر بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی سرحد کے قریب علاقے کھو مینا میں پیش آیا۔ اغوا کی واردات کے بعد متعلقہ حکام نے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے اور مغویوں کی بازیابی کے لیے کوششیں کی جارہی ہیں۔ یہ واقعہ علاقے میں بڑھتی ہوئی سیکیورٹی چیلنجز کو اجاگر کرتا ہے، خاص طور پر بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے سرحدی علاقوں میں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 8

Dated: 14 JAN 2025 Page No. 26


## کوہلو آوارہ کتوں کی بہتات، سگ گزیدگی میں اضافہ

**رات کے وقت آوارہ کتوں کی غول کے غول شہر کے اہم مقامات پر گھومتے ہیں سگ گزیدگی کے واقعات سے شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی**

کوہلو (نامہ نگار) کوہلو شہر اور نواحی علاقوں میں آوارہ کتوں کا راج کاٹنے کے کئی واقعات رونما ہو چکے ہیں۔ شہر کے وسطی سڑکوں اور گنجان آباد علاقوں میں کتوں کے غول کے غول گھومنے لگے ہیں جس سے شہریوں کا مشکلات کا سامنا ہے۔ عرصہ دراز سے شہر میں صفائی کے ساتھ ساتھ ڈاگ شوٹ مہم بھی نہیں چلائی گئی جس سے شہر بھر میں آوارہ کتوں کے غول کے غول گھومنے لگے۔ آوارہ کتوں کے بہتات کے باعث عام شہری، بالخصوص بچے، تاجر اور مزدور سر شام کام کاج سے فارغ ہو کر گھروں کی طرف لوٹ جانے سے پریشان ہو گئے ہیں۔ آوارہ کتوں نے رواں ماہ درجنوں بچوں اور معمر افراد کو زخمی کر دیا ہے۔ کوہلو شہر کے وسطی علاقوں پیپلز کالونی، مری آباد، ایف سی روڈ، شوکت مارکیٹ، بینک چوک، چرچ روڈ، محبت آباد، نیو کلی اور مری کالونی میں رات دن آوارہ کتوں کے غول گھومتے ہیں۔ سگ گزیدگی کے واقعات بڑھنے سے شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر کوہلو سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں کتا مار مہم چلا کر شہریوں کو آوارہ کتوں سے نجات دلائی جائے۔

AZADI QUETTA

## مانجھی پور تمام بنیادی سہولیات سے محروم، پینے کا صاف پانی ناپید

**ضلع بھر میں کتے کے کاٹنے کی ویکسین ناپید مریضوں کو دوسرے اضلاع ریفر کیا جانے لگا غریب عوام پریشان، ڈی ایچ او صحبت پور اور ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی بے**

**میٹھے پانی کے لیے لوگ دور سے پانی بھرنے پر مجبور، سیلابوں اور بارشوں کی وجہ زیر زمین پانی کا ذائقہ تبدیل ہو گیا مانجھی پور شہر کا نصف حصہ کھارا اور نمکین پانی پینے پر مجبور**

مانجھی پور (نامہ نگار) مانجھی پور سمیت ضلع بھر میں کتے کے کاٹنے کی ویکسین ناپید مریضوں کو دوسرے اضلاع ریفر کیا جانے لگا غریب عوام پریشان، ڈی ایچ او صحبت پور اور ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی بے خبر عوام بنیادی سہولیات سے محروم صوبائی وزیر صحت ڈی جی صحت نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق مانجھی پور اور گرد و نواح میں آوارہ کتوں نے روزانہ شہریوں کا کاٹنا شروع کر دیا مگر افسوس پورے ضلع صحبت پور میں کتے کے کاٹے کی ویکسین ناپید ہے، جس کی وجہ سے غریب طبقہ لوگ سخت پریشان ہیں کیونکہ کتوں کے کاٹے مریضوں کو دوسرے جعفرآباد ریفر کیا جا رہا ہے یہاں کی عوام کو اس بنیادی سہولت سے محروم رکھنا ضلع بھر کی عوام سے زیادتی ہے اس بارے میں سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے محکمہ صحت کے حکام بالا صوبائی وزیر صحت ڈی جی صحت اور سکریٹری (بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 5 پر)

صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع صحبت پور میں کتے کے کاٹے کی ویکسین فوری طور پر مہیا کریں تاکہ مریضوں کو فوری طور ویکسینیشن کی جا سکے۔ مانجھی پور میں میٹھے پانی کے لیے لوگ دور سے پانی بھرنے پر مجبور، سیلابوں اور بارشوں کی وجہ زیر زمین پانی کا ذائقہ تبدیل ہو گیا مانجھی پور شہر کا نصف حصہ کھارا اور نمکین پانی پینے پر مجبور تنظیم الخدمت ویلفیئر مانجھی کے صدر رحمت اللہ کھوکھر سینئر نائب صدر فہد عزیز مرہنہ جنرل سیکریٹری محمد نواز کھوسہ نائب صدر مور علی ابرو خزانچی میر ہزار خان نے حلقے کے ایم پی اے میر سلیم احمد خان کھوسہ اور سکریٹری پی ایچ ای وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان سے اپیل کی ہے کہ مانجھی پور میں واٹر سپلائی اسکیم کی منظوری دے کر یہاں کی عوام کو میٹھے پانی کی سہولت فراہم کریں۔

## اوستہ محمد نصف رائس ملز بند، بیروزگاری میں اضافہ، مزدور پریشان

**بلوچستان کے تجارتی شہر اوستا محمد کو جان بوجھ کر تباہ کیا جا رہا ہے، ملز بند ہونے سے بینکوں کے کروڑوں روپے ڈوبنے کا خدشہ**

**بے روزگاری بڑھنے سے بدامنی بڑھے گی حکومت وقت زراعت اور تجارت کی تباہی کا ذمہ دار ہے، رائس ملوں کو تباہی سے بچایا جائے**

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد اینڈ سنٹرل ایریا کی تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا نصف رائس ملز بند مزدور طبقہ پریشان۔ بے روزگاری میں اضافہ اصل وجہ بجلی کی مہنگائی اور بجلی کا نہ ہونا تباہی کے ذمہ دار ہیں۔ ملز بند ہونے سے بینکوں کے کروڑوں روپے ڈوبنے کا اندیشہ۔ رپورٹ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کا تجارتی شہر جو تیسرے نمبر پر اوستا محمد ہے جسے جان بوجھ کر کے تباہ کیا جا رہا ہے ایک سو تیس سے زائد رائس مل ہیں جن میں ہزاروں مزدور روزگار کرتے ہیں اور ان ملوں نے مختلف بینکوں سے کرز لے کر گزر بسر کرتے تھے لیکن حکومت وقت نے جان بوجھ کر کے اس تجارتی شہر کو تباہ کرنے کی سازش کر رہے ہیں جن میں ایک تو بجلی کو مہنگا کرنا اور دوسری جانب بجلی کا نہ ہونا ہے اس وقت اگر ان ملز کا یہ قائدہ اس طرح رہا تو یہ تجارتی شہر تباہی کی طرف بڑھ جائے گا اس وقت نصف سے زائد ملز بند ہو گئے ہیں جس سے ہزاروں مزدور جو مزدوری کرتے تھے وہ بے روزگار ہو گئے ہیں ملز مالکان مقروض ہو گئے ہیں جبکہ جن ملز مالکان نے بینکوں سے قرض لیے ان کے ڈوبنے کا امکان ہے کیونکہ ملز بند ہونے سے بینکوں سے کر قرض بھی نہیں پائیں گے۔ حکومت وقت تجارت کو کیوں تباہ کرنا چاہتے ہیں بے روزگاری بڑھنے سے بدامنی بڑھے گی حکومت وقت زراعت اور تجارت کی تباہی کی ذمہ دار ہے خدارا زراعت اور رائس ملز کو تباہی سے بچایا جائے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 14 JAN 2025

Page No. 27

## بلوچستان: سوملین ڈالر کے 5 سالہ منصوبے کی منظوری

بلوچستان کی صوبائی کابینہ نے سوملین ڈالر کے پانچ سالہ منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔جس میں بلوچستان واٹر ریسورسز ڈویلپمنٹ سیکٹر پروگرام کے لئے فنڈز کے اجراء کی منظوری، ورلڈ بینک کے سوفٹ لون کے تحت پروگرام پرعمل درآمد کیا جائے گا،منصوبے سے زرعی پانی کے درست استعمال اور واٹر مینجمنٹ کو یقینی بنایا جائے گا جبکہ پالیسی گائیڈ لائن فار ٹریڈنگ ان کاربن مارکیٹس کی منظوری بھی دی گئی، گائیڈ لائن کے تحت وفاقی سطح پر کاربن مارکیٹ ورکنگ گروپ بنے گا۔ ورکنگ گروپ میں چاروں صوبوں کی نمائندگی ہوگی، بلوچستان سمیت چاروں صوبوں کی باہمی مشاورت سے کاربن مارکیٹ سے متعلق پالیسی بنے گی، بلوچستان حکومت نے ریڈیو پاکستان سریاب روڈ کوئٹہ کی اراضی پر کرکٹ اکیڈمی کی تعمیر کا منصوبہ بنایا، بارہا کوششوں کے باوجود ریڈیو پاکستان یہ اراضی دینے کے لیے راضی نہیں ہوا، ریڈیو پاکستان بھی ریاست کا ایک ادارہ ہے،صوبائی حکومت کسی تنازعہ میں پڑنا نہیں چاہتی کرکٹ اکیڈمی کو مناسب متبادل جگہ پر تعمیر کا فیصلہ کیا ہے۔صوبے کے دور دراز علاقوں کے اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے منصوبے کی منظوری بھی دی گئی،اسکولوں میں بنیادی سہولیات اور معیار تعلیم کی بہتری کے لیے ورلڈ بنک کے تعاون سے منصوبہ شروع کیا جائے گا۔منصوبے کے تحت معیار تعلیم کی بہتری اسکولوں سے باہر بچوں کو اسکولوں میں داخلے اور فاصلاتی مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔صوبائی کابینہ نے بلوچستان فاؤنڈیشنل لرننگ پالیسی کی منظوری بھی دی ہے، یہ پالیسی بھی تعلیمی اصلاحات کے تسلسل میں صوبے میں معیاری فروغ تعلیم اور شرح خواندگی میں اضافے میں معاون ثابت ہوگی۔ بلوچستان کابینہ نے ٹیچرز کے تقرر، تعیناتی اور تبادلے سے متعلق ریگولرٹی ایکٹ 2024 کی بھی منظوری دی یہ ایکٹ ٹیچرز کی عارضی بھرتی پالیسی کو قانونی حیثیت دینے کے لیے لایا جارہا ہے، کابینہ کی منظوری کے بعد یہ ایکٹ بلوچستان اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ بلوچستان کابینہ نے لیڈیز پردہ کلب کی بحالی کے لیے کمیٹی قائم کردی ہے۔کمیٹی گرلز گائیڈ ایسوسی ایشن کے احاطے کے لیز معاہدہ میں توسیع کا جائزہ بھی لے گی۔ دوسری جانب بلوچستان اسمبلی نے واشک کو دو انتخابی حلقوں میں تقسیم، ضلع پنجگور میں گزشتہ تین سال سے بند انٹرنیٹ سروس بحال اور بلوچستان سے اندرون ملک بند ٹرینوں کو بحال، محکمہ ریلوے کی اسامیوں کو ختم کرنے کا سلسلہ بند، سی پیک فیز ٹو بلوچستان بھر میں ریلوے کے نظام کو شامل کرنے سے متعلق تین قراردادیں متفقہ طور پر منظور کرلیں ہیں۔

ضلع واشک رقبے کے لحاظ سے بلوچستان کا سب سے بڑا حلقہ ہے اور پانچ تحصیلوں پر مشتمل ہے،اس جدید دور میں بھی علاقے کے عوام زندگی کی تمام بنیادی سہولتوں جیسے آمدورفت کے لیے سڑکیں، پینے کا صاف پانی، صحت اور تعلیم سے محروم ہیں، وسیع آبادی اور رقبے کی وجہ سے حلقے کے عوام اپنے مسائل کے حل کے لیے سخت مشکلات کا شکار ہیں، دو حلقوں میں تقسیم ہونے سے واشک کے عوام کو زندگی کی بنیادی سہولتیں میسر آنے کا امکان ہے۔ جدید دور میں بھی ضلع پنجگور کے عوام گزشتہ تین سال سے فورجی انٹرنیٹ سروس سے یکسر محروم ہیں، طلباء، عوام، سرکاری دفاتر خاص طور پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام جو غریب اور نادار لوگوں کا سہارا ہے، انٹرنیٹ کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کو رجسٹریشن میں دشواری اور دیگر اہم امور نمٹانے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت کو بلوچستان اسمبلی کی ان منظور کردہ قراردادوں پر فوری عمل کر کے عوام کو بنیادی سہولتیں بہم پہنچانی چاہیے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 14 JAN 2025 Page No. 28

# بلوچستان کے سرکاری اسپتالوں میں او پی ڈیز کی بندش، غیر مناسب روش!

گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کی کال پر صوبے بھر کے سرکاری اسپتالوں میں ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے او پی ڈی سروسز کا بائیکاٹ کردیا جس کے باعث مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ یونین قائدین کی گرفتاری کے خلاف ڈاکٹروں نے صبح 9 سے 11 بجے تک سروسز کا بائیکاٹ کیا۔ یہ پہلی بار نہیں کہ ڈاکٹروں کی جانب سے سرکاری اسپتالوں کا بائیکاٹ کیا جارہا ہے یہ تسلسل کے ساتھ جاری ہے جو کہ نامناسب ہے اگر کسی ڈاکٹر کے ساتھ کوئی واقعہ رونما ہوتا ہے تو قانونی طریقہ کار اپنانے کی ضرورت ہے، غریب عوام کو مصیبت میں ڈالنا اور پریشان کرنا مسیحاؤں کو زیب نہیں دیتا، یہ ایک مہذب پیشہ ہے جسے دنیا بھر میں انتہائی اہمیت اور قدر سے دیکھا جاتا ہے۔ ڈاکٹر انسانی جانوں کے تحفظ اور زندگی بچانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں مگر افسوس کہ ہمارے ہاں ہر معمولی تکرار پر سرکاری اسپتالوں کے او پی ڈیز بند کردیے جاتے ہیں جس سے غریب لوگوں کو ہی دقت ہوتی ہے جو پرائیویٹ اسپتالوں میں علاج کی سکت نہیں رکھتے۔ اس طرح کی روش سے ڈاکٹروں کے متعلق غلط پیغام عوام تک جاتا ہے۔ یہ بات بھی قابل غور ہے کہ سرکاری اسپتالوں کے بائیکاٹ کرنے والے ڈاکٹروں نے کبھی بھی اپنے نجی کلینک اور پرائیویٹ اسپتالوں میں سروس بند نہیں کی، چاہے کتنا بڑا واقعہ ہی کیوں رونما نہ ہو کیونکہ وہاں سے بھاری فیس ملتی ہے۔ بہر حال ڈاکٹروں کے ساتھ اگر کوئی واقعہ رونما ہوتا ہے یا غیر مناسب رویے کا معاملہ سامنے آتا ہے تو اس کیلئے مناسب احتجاج اور قانونی راستہ اپنانا چاہئے سرکاری اسپتالوں کے او پی ڈیز کو بند نہ کیا جائے کیونکہ اس عام لوگ متاثر ہوتے ہیں۔ بہر حال حالیہ احتجاج کی وجہ یہ سامنے آرہی ہے کہ چند روز قبل ڈی جی ہیلتھ نے کوئٹہ کے سول اسپتال کا دورہ کیا، اس دوران انہوں نے ینگ ڈاکٹرز پر الزام لگایا کہ ینگ ڈاکٹرز نے حملہ کرکے انہیں زخمی کیا ہے، ڈی جی ہیلتھ کی شکایت پر گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کے چیئرمین ڈاکٹر بہادر شاہ اور ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کو گرفتار کیا گیا تھا۔ گرینڈ ہیلتھ الائنس کے رہنماؤں کی گرفتاری کے بعد سول لائن تھانے میں مقدمہ بھی درج کرلیا گیا ہے، ایف آئی آر میں ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے ڈاکٹر بہادر شاہ، ڈاکٹر صبور، ڈاکٹر یاسر اور دیگر کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے متن میں لکھا گیا ہے کہ ڈی جی ہیلتھ پر لوہے کے راڈ سے حملہ کیا گیا جس کے باعث ان کے بائیں ہاتھ پر زخم آیا۔ ایف آئی آر کے مطابق ینگ ڈاکٹرز نے گالم گلوچ کی اور سنگین دھمکیاں بھی دیں۔ ڈاکٹروں پر کار سرکار میں مداخلت اور سنگین نتائج کی دھمکیوں پر مقدمہ درج کرکے پولیس نے دفعہ 506، 504، 186، 353، 147 اور 149 کے تحت کارروائی شروع کردی۔ دوسری جانب ترجمان گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان نے موقف اختیار کیا ہے کہ ڈی جی ہیلتھ امین مندوخیل نے جھوٹ پر مبنی مقدمہ درج کروایا ہے۔ ڈی جی ہیلتھ نے پہلے ڈاکٹر بہادر شاہ پر ہاتھ اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ ایف آئی آر میں جن پانچ ڈاکٹروں کو نامزد کیا گیا ہے ان میں سے تین ڈاکٹر اسپتال میں موجود ہی نہیں تھے۔ اگر ڈاکٹر بہادر شاہ کو رہا نہ کیا گیا تو صوبے کے تمام اسپتالوں میں سروسز کا بائیکاٹ کردیں گے۔ پیر کے روز گرینڈ ہیلتھ الائنس کے چیئرمین ڈاکٹر بہادر شاہ اور ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کو جوڈیشل مجسٹریٹ 7 کی عدالت میں پیش کرنے کے بعد سول لائن تھانے سے ہدہ جیل منتقل کردیا گیا۔ دوسری جانب محکمہ صحت بلوچستان نے سرکاری اسپتالوں میں ڈاکٹروں کی ہڑتال کے خلاف اقدامات اٹھاتے ہوئے بلوچستان بھر کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز اور اسپتالوں کے سربراہان کو بیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کرنے کے احکامات جاری کردیے۔ محکمہ صحت بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ میں محکمہ صحت کے آفیسران اور ملازمین کو سرکاری اسپتالوں کے احاطے میں ہڑتال نہ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اگر کوئی آفیسر یا ملازم ہڑتال کی حمایت یا سہولت کاری کرتے ہوئے پایا گیا تو اس کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ بہر حال اس معاملے کو حل کرنے کیلئے محکمہ صحت اور ینگ ڈاکٹرز کو مل کر بیٹھنا چاہئے، سرکاری اسپتال عوامی پراپرٹی ہے جہاں عوام کو ریاست علاج کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ ڈاکٹر اور ڈی جی ہیلتھ دونوں ہی سرکاری ملازم اور عوام کے خادم ہیں لہذا اپنی جنگ میں عوام کو سزا نہ دیں۔ حکومت کی جانب سے صحت کیلئے بجٹ عوام کی سہولت کیلئے دی جاتی ہے تاکہ ان کا سرکاری اسپتالوں میں بہترین اور مفت علاج معالجہ ہوسکے لہذا سرکاری اداروں میں ہڑتال کی روش کو ختم ہونا چاہئے۔ خاص کر صحت اور تعلیم جیسے اہم اداروں میں تو بالکل بھی ہڑتال نہیں ہونی چاہئے جس سے صحت اور تعلیمی نظام مفلوج ہوکر رہ جائے اور خمیازہ عام لوگوں کو بھگتنا پڑے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 14 JAN 2025 Page No. 29


# بلوچستان کی خوشحالی پورے ملک کو خوشحال بنا سکتی ہے

بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل سے استفادہ حاصل کر کے بلوچستان خوشحال بن سکتا ہے جبکہ یہ حقیقت ہے کہ بلوچستان کی خوشحالی پورے ملک کو خوشحال بنا سکتی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا اور قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے بلوچستان کی خوشحالی پورے ملک کو خوشحال بنا سکتی ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا اور قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے بلوچستان کی خوشحالی پورے ملک کو خوشحال بنا سکتی ہے۔ سابقہ ادوار میں بلوچستان کے حکمرانوں نے بیانات، تقریروں، وعدوں کی بھرمار کر دی لیکن عملدرآمد نہیں کیا اور ان کے اعلانات بھی باقی سب اعلانات اور وعدوں کی طرح ہوا میں تحلیل ہو گئے لیکن موجودہ حکومت کا وژن ہے کہ بلوچستان کے وسائل کو بروئے کار لا کر نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی تقدیر کو بدلا جائے۔ پچھلے ادوار میں مفاد پرست عناصر نے صوبے کے سب سے بڑے انڈسٹریل زون حب کو مجرمانہ طور پر نظر انداز کیا جس کی وجہ سے حب کھنڈرات میں تبدیل ہو گیا لیکن اللہ کے فضل سے ہم نے عوام کے تعاون سے اور ووٹ کی طاقت سے چالیس سالہ دور کا خاتمہ کر دیا ہے اور حب سمیت صوبے کے مختلف حصوں میں صنعت زونز قائم کر رہے ہیں بلوچستان کے وسائل کو بروئے کار لا کر نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی تقدیر کو بدلا جائے۔ پچھلے ادوار میں مفاد پرست عناصر نے صوبے کے سب سے بڑے انڈسٹریل زون حب کو مجرمانہ طور پر نظر انداز

کیا جس کی وجہ سے حب کھنڈرات میں تبدیل ہو گیا لیکن اللہ کے فضل سے ہم نے عوام کے تعاون سے اور ووٹ کی طاقت سے چالیس سالہ دور کا خاتمہ کر دیا ہے اور حب سمیت صوبے کے مختلف حصوں میں صنعت زونز قائم کر رہے ہیں جس کے بہت جلد دور رس نتائج آنا شروع ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے بلوچستان کو قدرتی وسائل سے خوب نوازا ہے۔ یہاں کے عوام خوش قسمت ہیں کہ بلوچستان میں چاروں موسم پائے جاتے ہیں اور ہر قسم کی معدنیات موجود ہیں۔ جس کے بہت جلد دور رس نتائج آنا شروع ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے بلوچستان کو قدرتی وسائل سے خوب نوازا ہے۔ یہاں کے عوام خوش قسمت ہیں کہ بلوچستان میں چاروں موسم پائے جاتے ہیں اور ہر قسم کی معدنیات موجود ہیں۔ ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ان قدرتی وسائل سے مثبت طریقے سے استفادہ حاصل کیا جا سکے اور اس کے لئے موجودہ حکومت بھرپور کوشش کر رہی ہے۔ ریکوڈک، سینڈک، سی پیک اور گوادر پورٹ کے منصوبوں سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے جس سے بلوچستان کے عوام سمیت پورا ملک مستفید ہو رہا ہے۔ ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ان قدرتی وسائل سے مثبت طریقے سے استفادہ حاصل کیا جا سکے اور اس کے لئے موجودہ حکومت بھرپور کوشش کر رہی ہے۔ ریکوڈک، سینڈک، سی پیک اور گوادر پورٹ کے منصوبوں سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے جس سے بلوچستان کے عوام سمیت پورا ملک مستفید ہو رہا ہے۔ ان منصوبوں سے بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے روزگار کے بے پناہ مواقع میسر آئے ہیں اور نوجوانوں کو باعزت روزگار حاصل ہو رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ صوبے میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لئے بھی بہترین مواقع موجود ہیں جو مختلف منصوبوں میں سرمایہ کاری کر کے ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ، سی پیک۔ ریکوڈک منصوبوں سے سب سے زیادہ فائدہ بلوچستان کو ہو گا۔ بطور صوبائی وزیر صنعت و حرفت ہم صوبائی حکومت کی جانب سے سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے ہر ممکن تعاون اور سیکیورٹی کی یقین دہانی کراتے ہیں جو مختلف منصوبوں میں سرمایہ کاری کر کے ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ، سی پیک۔ ریکوڈک منصوبوں سے سب سے زیادہ فائدہ بلوچستان کو ہو گا۔ بطور صوبائی وزیر صنعت و حرفت ہم صوبائی حکومت کی جانب سے سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے ہر ممکن تعاون اور سیکیورٹی کی یقین دہانی کراتے ہیں اور ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کی بلوچستان میں بڑھتی دلچسپی اس بات کی دلیل ہے کہ مستقبل میں بلوچستان خطے میں نہایت اہم حیثیت اختیار کر جائے گا جس کا ادراک سرمایہ کاروں کو ہو چکا ہے یہی وجہ ہے کہ بہت سے دوست ممالک کے سرمایہ کاروں نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے دلچسپی ظاہر کی ہے جس کا ادراک سرمایہ کاروں کو ہو چکا ہے یہی وجہ ہے کہ بہت سے دوست ممالک کے سرمایہ کاروں نے جس سے بلوچستان میں سرمایہ کاری اور تجارت کے نئے دور کا آغاز ہو گا اور مستقبل قریب میں بلوچستان خطے میں تجارت و سرمایہ کاری کے حوالے سے نہایت اہم کردار ادا کرے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No. 6

14 JAN 2025 Dated:


## پبلک اکاؤنٹس کمیٹی سرکاری وسائل کے ضیاع کوروکنے کیلئے اقدامات کریگی!

گذشتہ روز بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا وفد جس کی قیادت سربراہ ایم پی اے اصغر ترین کرر ہے ہیں خصوصی دورے پر گوادر پہنچ گیا جہاں پر ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔چیئرمین پی اے سی ایم پی اے اصغر ترین اور دیگر اراکین نے گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی ماڈل پارک کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے واضح کیا کہ پی اے سی کا بنیادی مقصد تمام سرکاری اداروں میں شفافیت اور احتساب کو یقینی بنانا ہے۔پی اے سی کا کام صرف کاغذی کارروائی تک محدود نہیں بلکہ اراکین خود فزیکل وزٹ کے ذریعے سرکاری اداروں اور ترقیاتی منصوبوں کی زیرنگرانی جائزہ لینے کی ترجیح دیتے ہیں تاکہ عوام کے وسائل کے درست استعمال کو یقینی بنایا جاسکے۔چیئرمین اور اراکین پی اے سی نے عزم کا اعادہ کیا ہے کہ کمیٹی سرکاری وسائل کے ضیاع کو روکنے اور احتساب کے عمل کو موثر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔گوادر کی ترقی نہ صرف بلوچستان بلکہ اس خطے میں بسنے والے تمام لوگوں کے لیے کلیدی اہمیت رکھتی ہے۔

سرکاری وسائل کے ضیاع کے روکنے کے لیے اقدامات کرنے سے متعلق پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین ایم پی اے اصغر ترین،اراکین ایم پی ایز صالح بلوچ ،زاہد علی ریکی-فضل قادر مندوخیل اور ایڈیشنل سیکرٹری سراج لہڑی کا مذکورہ بیان قابل تعریف ہے کیونکہ یہ بہت اچھی بات ہے کہ سرکاری وسائل کے ضیاع کی روک تھام کیلئے اقدامات کئے جائیں کیونکہ بدقسمتی سے اس وقت سرکاری وسائل کے ضائع ہونے کے واقعات ہورہے ہیں جوکہ یقیناً صوبے کے عوام کے ساتھ ایک بہت بڑی زیادتی کے مترادف اقدام ہے۔انہوں نے واضح کیا ہے کہ پی اے سی کا کام صرف کاغذی کارروائی تک محدود نہیں بلکہ اراکین خود فزیکل وزٹ کے ذریعے سرکاری اداروں اور ترقیاتی منصوبوں کی زیرنگرانی جائزہ لینے کو ترجیح دیتی ہے۔واضح رہے کہ اب حال ہی میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے ایک بڑے سرکاری ہسپتال سول ہسپتال میں علاج ومعالجے کے لیے دیئے گئے فنڈز اور اس کے ساتھ بلوچستان ٹیکسٹ بورڈ بلوچستان میں بھی فنڈز میں بڑے پیمانے پر گھپلوں کے انکشاف ہورہے ہیں۔اس میں سے سول ہسپتال کے حوالے سے آنے والی رپورٹ تو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سپرد کردی گئی ہے۔

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ سرکاری وسائل پر سب سے پہلا حق عوام کا ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ عوام اس سے محروم ہیں جوکہ یقیناً عوام کے ساتھ اچھا برتاؤ نہیں ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو سرکاری وسائل کے ضیاع کو روکنے کے لیے احسن اقدامات کرنے چاہئیں وسائل کے ضیاع کے حوالے سے اس کے پاس جو بھی کیس آئے اس کی شفاف طریقے سے تحقیقات کرکے اس میں ملوث افراد کیخلاف سخت کارروائی کرنی چاہئیے تاکہ آئندہ کوئی ایسا کرنے کا مرتکب نہ ہو۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 14 JAN 2025 Page No. 31

# Tragic coal mine incidents

The recent tragic incident in Sanjidi coal mine area, where 12 coalminers lost their lives due to a methane gas explosion, once again underscores the perilous conditions under which miners in Balochistan toil. These recurring tragedies, marked by a shocking disregard for human life, have become an all-too-familiar occurrence in the province's coalfields. Coal mining in various parts of Balochistan is a source of livelihood for people belonging to far-flung areas of the province and even neighbouring Afghanistan. Against this backdrop, it is unfortunate that the miners continue to lose their precious lives in various accidents amid outdated mining methods, ignorance or neglect of safety instructions, and, above all, government indifference. Balochistan's Labour Federation expresses dissatisfaction with the government's efforts. The Sanjidi incident, while particularly devastating, is far from an isolated event. Poor infrastructure, a lack of essential safety equipment, and inadequate ventilation systems are endemic in many coalmines across Balochistan. These hazardous conditions, coupled with a desperate need for employment, force miners to risk their lives daily. The government's response to these tragedies often falls short of addressing the root causes. Official statements of condolence are issued, followed by promises of investigations and improved safety measures. The lack of robust enforcement of safety regulations and the absence of effective oversight mechanisms have allowed this deadly cycle of neglect and exploitation to persist. The plight of coalminers in Balochistan highlights a critical social and economic issue. Poverty and unemployment drive many into these hazardous jobs, leaving them with little choice but to accept the perilous working conditions. While the mining industry can contribute significantly to the province's economy, it must do so without sacrificing human lives. To prevent future tragedies, the government must take decisive action such as strengthening safety regulations, implementing and rigorously enforcing stringent safety regulations in all coal mines. The authorities ought to provide comprehensive safety training to miners and conduct regular safety inspections. Empowerment of mine workers' unions to advocate for their rights and improve working conditions is also e Moreover, create alternative employment opportunities to reduce the dependence on hazardous industries like coal mining. The loss of 11 lives in Sanjidi is an undeniable tragedy. However, it should serve as a wake-up call. The government and relevant authorities must prioritize the safety and well-being of mine workers. Ignoring this issue will not only continue to claim innocent lives but also perpetuate a cycle of poverty and despair in the region.

# Tragedies of Coal Mining

The recent mining disaster in Balochistan, where two coal miners lost their lives due to a mine collapse, is yet another grim reminder of the inherent dangers that miners face daily in Pakistan's vast and perilous coal mining industry. This tragic incident, coupled with the earlier catastrophe in the Sanjdi mine that trapped 12 miners, underscores an ongoing crisis that calls for immediate action and reform to ensure the safety of those who toil in these hazardous environments. On a fateful Sunday, the Khost area of Harnai district witnessed the cave-in of a coal mine while eight workers were still inside, resulting in the tragic death of Zahid and Islahat. After a protracted 12-hour rescue operation, their bodies were recovered. This incident did not occur in isolation; it followed closely on the heels of a catastrophic explosion in the Sanjdi mine on January 9, which had already claimed the lives of 11 miners. Tragically, this pattern of disasters reveals not just a lack of proper safety measures but also a systemic disregard for the lives of miners who are often marginalized and under-protected. The Pakistan Central Mines Labour Federation leaders have rightly condemned this repeated loss of life, calling for the ratification of safety standards and International Labour Organization (ILO) conventions that prioritize the safety of workers. Their demand for awareness-raising programs highlights the need to educate miners about potential hazards and safety protocols. The importance of such initiatives cannot be overstated, as they equip workers with knowledge that can save lives.

Recurring mining disasters in Balochistan highlight a glaring failure on the part of the government to enforce safety regulations. In this latest incident, no officials were reported to have visited the site in the immediate aftermath, which raises serious questions about the commitment of authorities to protect miners' lives. The absence of oversight and enforcement of safety measures in the mining sector has led to a scenario where companies often prioritize profits over human lives, a trend that must be reversed if we are to prevent future tragedies. The recent incidents also evoke the memory of the struggles faced by fami-

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 Dated: 14 JAN 2025 Page No. 33

lies of the victims. The miners who perished, predominantly from Khyber Pakhtunkhwa's Shangla district and Swat, left behind grieving families whose loss is compounded by a lack of financial security. The compensation offered is often meager and insufficient to support families grappling with such sudden loss. This dire economic reality forces many individuals into dangerous professions, as job opportunities are limited, exacerbating their vulnerability to such tragedies.

As rescue efforts progressed at the Sanjdi coalfield, there was a semblance of hope that those trapped could be saved; however, this hope is easily overshadowed by the grim reality of the mining industry in Pakistan. Continuous efforts must be made to improve working conditions, implement strict safety regulations, and provide adequate training to miners. The government must work collaboratively with labor groups to achieve these goals. The model must shift from reactive measures taken post-disaster to a proactive stance that prioritizes safety and worker rights.Tragic incidents in Balochistan serve as a critical reminder of the urgent need for comprehensive reform in the mining sector. The lives lost could potentially have been saved with proper safety protocols, regular inspections, and a culture of accountability. As a society, we owe it to these workers to demand change, honor their sacrifices, and ensure that no family has to endure the heartbreaking loss of a loved one in the depths of a coal mine again. Immediate action is imperative to protect the lives of these vulnerable workers who play an essential role in fueling Pakistan's economy. The time for reform is long overdue.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 14 JAN 2025 Page No. 34

# بلوچستان میں دہشتگردی کا خاتمہ، افواج پاکستان کے سنگ

طارق خان ترین

بلوچستان، پاکستان کا سب سے بڑا اور معدنیات سے مالا مال صوبہ، عرصہ دراز سے دشمنوں کی نظر میں رہا ہے۔ یہاں کی سرزمین نے نہ صرف بے شمار وسائل کو اپنے دامن میں چھپایا ہے بلکہ قومی یکجہتی اور ترقی کی راہوں کو بھی جنم دیا ہے۔ مگر بدقسمتی سے، بی ایل اے (بلوچستان لبریشن آرمی) اور بی ایل ایف (بلوچستان لبریشن فرنٹ) جیسی کالعدم تنظیموں نے اسے اپنے مذموم مقاصد کا مرکز بنا رکھا ہے۔ یہ تنظیمیں ترقی کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے کے ساتھ ساتھ معصوم عوام کو بھی اپنے ظلم و ستم کا نشانہ بنا رہی ہیں۔

یہ تنظیمیں آزادی کے نام پر لوگوں کو گمراہ کر رہی ہیں، لیکن ان کے عزائم نہ تو آزادی کے ہیں اور نہ ہی عوام کے لیے۔ ان کے حملے صرف بلوچ عوام کو خوفزدہ کرنے اور ترقیاتی منصوبوں کو روکنے کے لیے ہیں۔ 2024 کے دوران، بی ایل اے نے معصوم عوام پر حملے کیے، جن میں سینکڑوں جانیں ضائع ہوئیں۔ تربت میں 4 جنوری 2025 کو ایک مسافر بس پر حملہ ان کے عوام دشمن عزائم کا کھلا ثبوت ہے۔ یہ حملہ بلوچ عوام کے خلاف ان کی نفرت کا عکاس ہے، جس میں چار معصوم افراد اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ یہ تنظیمیں صرف اپنے ایجنڈے کی تکمیل کے لیے لوگوں کو استعمال کر رہی ہیں۔ ان کے مظالم کی داستانیں سن کر یہ کہا جا سکتا ہے کہ "چور مچائے شور" کے مصداق، یہ تنظیمیں خود کو مظلوم ظاہر کرنے کی کوشش کر رہی ہیں، لیکن حقیقت میں وہ بلوچ عوام کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔

بلوچستان میں امن و امان بحال رکھنے کے لیے پاک فوج، ایف سی، اور انٹیلیجنس ایجنسیوں نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ ہماری فورسز نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے نہ صرف ان تنظیموں کے نیٹ ورک کو توڑا بلکہ امن کی بحالی کے لیے عوام کا اعتماد بھی جیتا۔ انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز نے ان تنظیموں کے عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے۔ کلمو شن یادیو، گلزار امام شمبے، سرفراز بنگلزئی وغیرہ کا قومی دھارے میں شامل ہونا کامیابیوں کا ثبوت ہے۔ بلوچستان کے سنگلاخ پہاڑوں سے لے کر دور دراز کے علاقوں تک، ہمارے جوان دن رات امن کی بحالی کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ "جہاں چاہ، وہاں راہ" کے مصداق، پاک فوج نے ہر خطرہ مول لے کر بلوچستان کو محفوظ بنانے کے لیے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔

وفاقی حکومت نے بھی بلوچستان میں امن کی بحالی کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں۔ 4 نومبر 2024 کو پاک فوج کی 31 یونٹس اور فرنٹیئر کور کے 107 ونگز کی تعیناتی کا فیصلہ اس عزم کا غماز ہے کہ حکومت کسی بھی قیمت پر دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکے گی۔ اسی طرح 20 نومبر 2024 کو نیشنل ایکشن پلان کے تحت بلوچستان میں دہشتگرد تنظیموں کے خلاف جامع آپریشن کی منظوری دی گئی۔ یہ اقدامات اس بات کی دلیل ہیں کہ حکومت اور سیکیورٹی فورسز مل کر اس سرزمین کو دہشتگردوں سے پاک کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بلوچ عوام، جو طویل عرصے سے ان تنظیموں کے مظالم کا شکار رہے ہیں، اب دھیرے دھیرے ان کے خلاف آواز بلند کر رہے ہیں۔ عوام کو یہ احساس ہو رہا ہے کہ بی ایل اے اور بی ایل ایف جیسے گروہ صرف اپنے مقاصد کی تکمیل کے لیے انہیں قربانی کا بکرا بنا رہے ہیں۔ "ڈوبتے کو تنکے کا سہارا" کے مصداق، سی پیک اور دیگر ترقیاتی منصوبے بلوچ عوام کے لیے روشنی کی کرن بن رہے ہیں۔ حکومت، پاک فوج، اور عوام کے درمیان بڑھتا ہوا تعاون اس بات کی دلیل ہے کہ بلوچستان کا مستقبل روشن ہے۔ عوام کو چاہیے کہ وہ ان تنظیموں کے پروپیگنڈے سے دور رہیں اور اپنی نسلوں کے بہتر مستقبل کے لیے حکومت اور سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہوں۔

بلوچستان میں جاری دہشتگردی کے خلاف جنگ ایک طویل اور صبر آزما سفر ہے، لیکن پاک فوج، انٹیلیجنس ایجنسیاں، اور عوام کے اتحاد سے یہ جنگ جیتی جا رہی ہے۔ دہشتگرد تنظیموں کے عزائم کو خاک میں ملا کر بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جا رہا ہے۔ بلوچ عوام کے لیے پیغام واضح ہے کہ "مل جل کر قدم بڑھائیں، اور دشمنوں کے منصوبے ناکام بنائیں"۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 14 JAN 2025 Page No.________



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بلوچستان کے مطالعاتی دورے پر آئے ہوئے آفیسرز سے خطاب کر رہے ہیں

Century Express Quetta



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو محکمہ تعلیم (سکولز) میں بہتری کے سلسلے میں بریفنگ دی جا رہی ہے